امامت کی شرائط

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متِین اس مسئلہ کے بارے میں کہ داڑھی ہونے کے ساتھ ساتھ وہ کونسی شرائط ہیں جو امامت کے لیے ضروری ہیں -

سائل: ایک بھائی فرام انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

امامت کی شرائط درج ذیل ہیں۔ (۱) مسلمان ہونا (۲) بالغ ہونا (۳) عاقِل ہونا(۴) مرد ہونا (۵) قرات یعنی اتنی قرات جانتا ہو کہ نماز صحیح ہوجائے (۶) معذور نہ ہونا۔ جیسا کہ نورالایضاح میں ہے۔**"صحة الإمامة للرجال الأصحاء ستةالإسلام والبلوغ والعقل والذكورة والقرءاة والسلامة من الأعذار"**تندرست مردوں کی امامت کے لیے چھ شرائط ہیں اسلام ،بلوغ ، عقل ،مرد ہونا،قرات، اعذار سے سلامت ہونا۔

(نورالایضاح ص 109)

غیر مسلم امامت کا اہل نہیں یہ تو واضح ہے اور اسی طرح بدمذہب جس کی گمراہی حدِ کفر تک ہو اس کے پیچھے بھی نماز باطل ہے اور نابالغ بالغ مردوں کی امامت نہیں کرواسکتا اور اسی طرح مجنون و پاگل امامت کا اہل نہیں ہے اور عورت بھی مردوں کی امام نہیں ہوسکتی ۔غیر قاری یعنی جو بالکل قرآن صحیح نہیں پڑھ سکتا ہے امامت کا اہل نہیں ۔معذور یعنی جس کا کسی عذر کی وجہ سے وضو نہ رہتا ہووہ بھی امامت کا اہل نہیں کما فی کتب المتون۔

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

CONDITIONS FOR IMAMAT

QUESTION:

What do the scholars of the noble Shariah say concerning this matter; along with keeping a beard, what other conditions are necessary for the one leading the prayer?

Questioner: A brother from UK

ANSWER:

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

The conditions that validate the position of an Imām are as follows:

1. To be a Muslim
2. To be mature
3. To be sane
4. To be male
5. Recitation i.e. being able to recite a sufficient amount that deems the prayer correct
6. To not be excused by Shariah

It is mentioned in Nūr-ul-Īdāh:

صحة الإمامة للرجال الأصحاء ستةالإسلام والبلوغ والعقل والذكورة والقرءاة والسلامة من الأعذار

For men who are in good health, there are six conditions for one to be an Imām; being a Muslim, mature, sane, being a male, being able to recite correctly and to be free from excuses.

[Nūr-ul-Īdāh]

It is clear that a non-Muslim is incapable of being an Imām. Likewise, the prayer behind a badmad̄hab [deviant], who has been misled to the point of Kufr, is invalid. A non-adolescent male cannot lead mature men in prayer. Similarly, someone who is not sane is not capable of leading the prayer and a woman cannot lead men in prayer. A non-elocutionist i.e. someone who cannot read the Qur'an correctly at all, is not worthy of leading the prayer. One who is excused i.e. someone who cannot remain in in the state of wudu due to an illness etc, is not permitted to lead the prayer, as mentioned in various books.

واللہ اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri

Translated by Dawud Hanif